36438-حج تمتع کی نیت کی لیکن صرف عمرہ کرکے واپس چلاگیا

سوال

میں نے حج تمتع کا احرام باندھا اور پھر شدید ازدحام دیکھا تو عمرہ کرکے حج ادا کیے بغیر ہی واپس چلاگیا تو کیا مجھ پر کوئی چیزلازم آتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

اگر توآپ پہلے فریضہ حج ادا کر چکے ہیں
توپھر آپ پر کچھ لازم نہیں آتا ، لیکن اگر آپ نے پہلے فریضہ حج ادا نہیں کیا توآپ
پرواجب تھا کہ آپ وہیں رہتے اور فریضہ حج کی ادائیگی کرتے ، اور آپ کو چاہیے کہ آپ جب
بھی استطاعت رکھیں حج کرنے میں جلدی کریں ۔

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے
ہیں :

جب حج تمتع کرنے والا شخص عمرہ کا
احرام باندھ لے اور عمرہ سے فارغ ہوجائے اور پھر وہ حج کا احرام باندھنے سے قبل حج نہ
کرنے کی نیت کرلے تواس پر کچھ لازم نہیں آتا ، لیکن جب وہ نذرمان لے ، اوراگر اس نے
یہ نذرمان رکھی ہوکہ وہ اس برس حج کرے گا تواسے یہ نذر پوری کرنی ہوگی ۔

اوراگر نذر کے بغیر ہو توعمرہ ادا کرنے
کے بعد حج ترک کرنے میں کوئی حرج نہیں ۔ اھ.